اقوال امام مہدی علیہ السّلام

- ظہور میں جلدی کے لئے دعائیں مانگو کیونکہ اسی میں تمہاری بھلائی ہے۔
- مسائل میں ہمارے راویوں (علماء مجتہدین) کی طرف رجوع کرو کیونکہ وہ میری طرف سے تم پر حجت ہیں۔
- نماز شیطان کو رسوا کر دیتی ہے۔ نماز پڑھو شیطان کو رسوا کرو۔
- اگر ہمارے چاہنے والے اپنے عہد و پیمان کی وفا کرتے تو ہماری ملاقات میں تاخیر نہ ہوتی اور ہماری زیارت انھیں جلد نصیب ہوتی۔
- ملعون ہے، ملعون ہے وہ شخص جو نماز مغرب میں اتنی تاخیر کرے کہ تارے خوب کھل جائیں۔ اور ملعون ہے، ملعون ہے وہ شخص جو نماز صبح میں اتنی تاخیر کرے کہ ستارے غائب ہو جائیں۔
- تعجب ہے ان لوگوں کی نماز کیسے قبول ہوتی ہے جو سورہ اِنَّا اَنۡزَلۡنَاہُ کی تلاوت نماز میں نہیں کرتے۔
- ہم تمہاری خبر گیری سے غافل نہیں اور نہ تمہاری یاد کو اپنے دل سے نکال سکتے ہیں۔
- ہر وہ کام کرو جو تمھیں ہم سے نزدیک کر دے اور ہر اس عمل سے پرہیز کرو جو ہمارے لئے بارِ خاطر اور ناراضگی کا سبب ہو۔
- جو لوگ ہمارے اموال کو مشتبہ اور مخلوط کئے ہوئے ہیں جو کوئی بھی اس میں سے ذرہ برابر بلا استحقاق کھائے گا گویا اس نے آگ سے اپنا شکم پُر کیا۔
- ہم تمہارے اموال (خمس وغیرہ) کو صرف اس لئے قبول کرتے ہیں کہ تم پاک ہو جاؤ کیونکہ جو کچھ خداوند عالم نے ہمیں عطا فرمایا ہے وہ اس سے بہتر ہے جو تمھیں دیا ہے۔
- تم میں سے جو کوئی تقویٰ الٰہی اختیار کرے گا اور مستحق تک اس کے حقوق پہونچائے گا وہ آنے والے فتنوں سے محفوظ رہے گا۔
- جو چیز تمہارے لئے مفید نہ ہو اس کے لئے سوالات مت کرو۔
- میں اہل زمین کے لئے اس طرح باعثِ امان ہوں جس طرح ستارے اہلِ آسمان کے لئے۔